توجہ دلاؤ نوٹس۔

منجانب: شازیہ جدون، ایم پی اے

جناب سپیکر صاحب

میں وزیر محکمہ صحت کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں وہ یہ کہ یونیسف کے سروے کے مطابق حطار انڈسٹریل اسٹیٹ کے علاقے میں 88 فی صد بچوں کے خون کے نمونوں میں سیسے کی بلند سطح پائی گئی ہے۔ جو انتہائی تشویش ناک خبر ہے۔ اگر اس کو کنٹرول نہ کیا گیا تو اس کے سخت نتائج حاصل ہوں گے۔

لہذا حکومت سے استدعا ہے اس سیسے کی بیماری کو کنٹرول کرنے کے لیے ریگولر بنیادوں پر بچوں کے خون کے نمونے لیے جائیں بلکہ ایک باقاعدہ جانچ پڑتال کا نظام قائم کیا جائے۔ تاکہ اس مرض پر قابو پایا جاسکے۔

11/May/2016